LEVEL CROSSING REMOVAL PROJECT

# تعمیراتی کام کے متعلق اطلاعات

## اگست میں Exford Road بند، اور ہفتے کے ساتوں دن 24 گھنٹے کام

**ہم نے Truganina میں Hopkins Road پر اور Melton میں Ferris Road پر لیول کراسنگز ہٹا دی ہیں۔ نیا ماڈرنMelton Station جہاں پہنچنا سب لوگوں کے لیے آسان ہے، کھل جائے گا اور Coburns Road اور Exford Roadپر موجود بوم گیٹس کھل جائیں گے لہذا ستمبر میں Melton لیول کراسنگز سے بالکل پاک ہو جائے گا۔**

ہمStaughton Street اور Brooklyn Road کے درمیان Exford Road کو **منگل 11 اگست کو شام 7 بجے سے لے کر پیر 31 اگست کو صبح 7 بجے تک** کے لیے بند کر رہے ہیں۔

ہم Melton Station پر اور Ferris Road Coburns Road کے درمیان ریل کوریڈور پر بھی دن رات 24 گھنٹے کام کر رہے ہیں جو **بدھ 12 اگست کو رات 12:01 بجے سے لے کر منگل 1 ستمبر کو صبح 4 بجے تک جاری رہے گا۔**

### ہم کیا کر رہے ہیں

Exford Road کے تعمیراتی کاموں میں یہ شامل ہیں:

- سڑک کے اوپر پل کی بیمز ڈالنا
- موجودہ ٹرین کی پٹری کو ہٹانا اور ریل کے پل کے نیچے سڑک کی سطح کو نیچا کرنا
- Exford Road اور Coburns Road پر بوم گیٹس کو ہٹانا

Melton Station پر اور ریل کوریڈور میں تعمیراتی کام:

- نئے سٹیشن پر تعمیراتی کام اور موجودہ پلیٹ فارمز کو ہٹانا
- نئی بلند ریل لائن کو موجودہ ٹریکس سے جوڑنا اور ریل سگنلز لگانے کا کام
- کار پارک اور بس انٹرچینج پر تعمیراتی کام۔

### کیا توقع کرنی چاہیے

- روزانہ 24 گھنٹے کام جس کے دوران علاقے میں روشنی، شور، ارتعاش اور ٹریفک میں اضافہ ہوگا
- پانی کی گاڑیاں گرد اڑنے کو کم کریں گی۔

علاقے میں ٹریفک مینیجمنٹ کے ذریعے آپکو سفر میں رہنمائی دی جائے گی۔ براہ مہربانی سفر کے لیے زیادہ وقت رکھیں۔

ہم وقت پر تعمیراتی کام مکمل کرنے کی پوری کوشش کریں گے تاہم تاریخوں اور اوقات میں تبدیلی ممکن ہے۔

### سفر کے راستوں میں تبدیلیاں

Exford Road **منگل 11 اگست کو شام 7 بجے سے لے کر پیر 31 اگست کو صبح 7 بجے تک** بند رہے گی۔

Exford Road پر اور سٹیشن کے علاقے میں پیدل لوگوں کے لیے راستہ مہیا رہے گا۔ شمال میں براستہ Richard Road اور جنوب میں براستہ Wilson Road ٹریفک کے لیے متبادل روٹس مہیا ہوں گے۔ براہ مہربانی اگلے صفحے پر نقشہ دیکھیں۔

### Ararat،Ballarat اورMaryborough لائنز

Ararat،Ballarat اورMaryborough لائنز پر **بدھ 12 اگست کو پہلی سروس سے لے کر پیر 31 اگست کو آخری سروس تک** سروسز میں تبدیلیاں ہوں گی۔

مزید معلومات لینے اور اپنے سفر کی منصوبہ بندی کے لیے **transport.vic.gov.au** دیکھیں۔

---

**levelcrossings.vic.gov.au**

1800 105 105 (کسی بھی وقت کال کر سکتے ہیں)

levelcrossings@bigbuild.vic.gov.au

انگلش کے علاوہ دوسری زبانوں کے لیے 9209 0147 پر کال کریں۔

اگر آپ یہ معلومات معذوروں کے لیے آسان فارمیٹ میں لینا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی ہم سے رابطہ کریں۔ اگر آپکو سماعت یا گویائی کے نقص کی وجہ سے مدد کی ضرورت ہے تو **relayservice.gov.au** دیکھیں

VICTORIA'S BIG BUILD

VICTORIA State Government

# Exford Road پر متبادل روٹس




## مزید معلومات

اگر آپ کا کوئی سوال ہو یا آپ پراجیکٹ کے متعلق مزید معلومات لینا چاہتے ہوں تو براہ مہربانی ہفتے کے ساتوں دن، 24 گھنٹے ہمیں **1800 105 105** پر کال کریں یا **levelcrossings.bigbuild.vic.gov.au** پر ای میل کریں۔

نیک تمناؤں کے ساتھ
**Melton میں لیول کراسنگز ہٹانے کا پراجیکٹ**

**انگلش کے علاوہ دوسری زبانوں کے لیے 9209 0147 پر کال کریں۔**

| | | | |
|---|---|---|---|
| **हिंदी – Hindi** | 9209 0147 | **Mga Tagalog – Tagalog** | 9209 0147 |
| **Việt Ngữ – Vietnamese** | 9209 0147 | **ਪੰਜਾਬੀ – Punjabi** | 9209 0147 |